Roll No. ______ امیدوار خود پُر کرے

HSSC-(P-II)-A-2024
(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ (گروپ-I) نمبر 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

جو چوٹ بھی لگی ہے وہ پہلی سے بڑھ کے تھی
ہر ضربِ کربناک پہ میں تلملا اُٹھا
پانی کا، سوئی گیس کا، بجلی کا، فون کا
بِل اتنے مِل گئے ہیں کہ میں بلبلا اُٹھا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

دل میں اِک لہر سی اُٹھی ہے ابھی
کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں
کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا
جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اُمرا نے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے، جس نے صرف اَن دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی، وہ دلیری، وہ خود اعتمادی، وہ انکسار و امن پسندی، وہ محنت و مساوات، وہ صبر و تقویٰ، وہ مسلم و غیر مسلم کی خدمت، سب کے حقوق کا تحفظ، سب سے رواداری اور محبت! یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔ وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے، دولت مند نہ تھے، کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے۔ نہ انہیں توڑ جوڑ آتا تھا، نہ خوش پوشاک، نہ خوش گفتار، نہ رنگین و رعنا۔ وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔ پھر بھی وہ ایسے تھے کہ اب ہم میں ویسا کوئی اور نہ اب ڈھونڈے سے بھی کوئی ایسا ملے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(الف): اکبری کی حماقتیں (ب): ہوائی

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کشمیر ہماری شہ رگ (ii) سائنس رحمت یا زحمت (iii) وقت کی پابندی

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط تحریر کیجیے جس میں اسے فرقہ وارانہ تنظیموں سے دور رہنے کا مشورہ دیجیے۔ (10)